مسنون دعائیں

www.KitaboSunnat.com

یہ کتاب شب و روز میں پڑھی جانے والی مستند
دعاؤں پر مشتمل ہے۔ جن کا معمول میں لانا ہر مسلمان
کے لئے باعث سعادت ہے۔

مرتب
حفظ الرحمن الاعظمی
فاضل مدینہ یونیورسٹی

یہ کتاب اللہ کے لئے وقف اور برائے تقسیم ہے
اس کا بیچنا جائز نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

www.nadwalibrary.wordpress.com

02.11.2016

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسنون دعائیں

یہ کتاب شب و روز میں پڑھی جانے
والی مستند مسنون دعاؤں پر مشتمل ہے جن
کا عمل میں لانا ہر مسلمان کے لیے باعث سعادت ہے

مرتبہ

حفظ الرحمٰن اعظمی ندوی

فاضل مدینہ یونیورسٹی

یہ کتاب مفت تقسیم کی جاتی ہے

۱۴۱۹ھ ۱۹۹۸ء

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک نظر

کتاب میں عموماً ایک حدیث کے کئی مصادر ذکر کیے گئے ہیں، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ سبھی مصادر کے الفاظ اور ان کی ترتیب میں سو فی صد مطابقت ہو بلکہ نفس مضمون سے مطابقت کافی سمجھی جائے گی۔ البتہ کم از کم کسی ایک مصدر سے الفاظ کی مطابقت ضروری ہے۔

ذیل میں وہ رموز و اشارے درج کیے جاتے ہیں جو حاشیے میں حدیث کے مصادر ذکر کرتے وقت استعمال کیے گئے ہیں، نیز ان رموز کے بعد قوسین میں حدیث کے نمبر یا کتاب کی جلد و صفحے تحریر کر دیے گئے ہیں تاکہ مراجعہ میں سہولت ہو، وہ رموز یہ ہیں۔

خ / صحیح بخاری	د / سنن ابو داؤد
م / صحیح مسلم	جه / سنن ابن ماجہ
حب / صحیح ابن حبان (موارد)	ن / سنن نسائی
حم / مسند احمد	دی / سنن دارمی
خد / بخاری فی الأدب المفرد	ك / مستدرک حاکم
ت / جامع ترمذی	طب / معجم طبرانی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

از محدث جلیل علامہ حبیب الرحمٰن الاعظمی رحمہ اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"مسنون دعائیں" ان دعاؤں کا ایک مستند مجموعہ ہے، جو حدیثوں میں وارد ہوئی ہیں، اس مجموعہ یا رسالہ کے مولف عزیزی مولوی حفظ الرحمٰن ندوی نے جو جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ سے بھی فراغت حاصل کر چکے ہیں ــــ احادیث کے ذخیرہ سے بقدر کفایت دعائیں ان کے اردو ترجمہ کے ساتھ یکجا کر دی ہیں۔ دعاؤں کے انتخاب میں انھوں نے اچھے علمی ذوق کا ثبوت دیا ہے۔

فاحسن اللہ جزاءہ ونفع بہ،

حبیب الرحمٰن الاعظمی

۴ ذی قعدہ ۱۴۰۵ھ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْأَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ وَمَنْ سَارَ عَلٰی نَھْجِھِمْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ: اَمَّا بَعْدُ!

دُعا کے معنی ہیں پکارنے کے، یعنی اپنی حاجت کے لئے اللہ تعالیٰ کو پکارنا، جس کا حکم خالقِ کائنات نے ان الفاظ میں دیا ہے۔

اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً۔ (الأعراف: ۵۴)

اپنے پروردگار کو گڑگڑا کر اور چپکے چپکے بھی پکارا کرو۔

یہ دعا درحقیقت بندگی کے اظہار کا ایک خاص مظہر ہے اور اللہ تعالیٰ سے تقرب حاصل کرنے کا ایک اہم وسیلہ، اسی لئے اسے عبادت سے تعبیر کیا گیا ہے

نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دعا عین عبادت ہے پھر آپ نے یہ آیتِ کریمہ تلاوت فرمائی۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيْٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ۔ (غافر: ۶۰)	تمہارا رب کہتا ہے مجھے پکارو میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا، جو لوگ گھمنڈ میں آکر میری عبادت سے مُنہ موڑتے ہیں ضرور وہ ذلیل وخوار ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے (۱)

سچ تو یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق سیکڑوں دُعائیں تعلیم فرمائی ہیں جو کتب حدیث کے صفحات میں ہمیشہ کے لئے ثبت ہوچکی ہیں۔ سوتے جاگتے، اُٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے کھاتے پیتے، پہنتے اوڑھتے غرض ہر حالت اور ساعت میں آپ کی زبان مبارک پر اللہ کا ذکر جاری رہتا تھا۔ کتبِ حدیث کا ایک حصہ آپکی انہی دُعاؤں اور مبارک کلمات پر مشتمل ہے۔

---

(۱) جہ (۳۸۲۸) ت (۳۳۶۹)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آئیے ہم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے آپ کی زبانِ فیض اثر سے جو دعائیں ادا ہوئیں یا آپ نے اُمت کو تعلیم فرمائیں۔ ان مبارک کلمات کے ذریعہ اللہ رب العزت کو یاد کریں، اس سے لو لگائیں اور اسی سے ہم اپنی مرادیں مانگیں۔

حفظ الرحمٰن الأعظمی الندوی

الذید ۲۳ / ۴ / ۱۴۰۵ھ

الشارقہ ۱۵ / ۱ / ۱۹۸۵ء

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوکر اٹھنے کی دعا

(۱) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو بستر پر لیٹتے تو اپنا ہاتھ اپنے رخسار کے نیچے رکھ لیتے پھر کہتے

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَ اَحْيَا۔	خداوندا! تیرے ہی نام پر مجھے مرنا اور تیرے ہی نام پر مجھے جینا ہے

اور جب سوکر اٹھتے تو اللہ تعالیٰ کا شکر اس طرح ادا کرتے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَ اِلَيْهِ النُّشُوْرُ۔ (۱)	سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جس نے موت طاری کرنے کے بعد ہم کو جلایا اور ہمیں اسی کے پاس جانا ہے۔

کوئی چیز پہننے کے وقت کی دعا

(۲) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

---

(۲) خ (۶۳۱۴) ت (۳۴۱۳) جہ (۳۸۸۰) م (۲۷۱۱)
ابن السنی (۱۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیہ وسلم جب کوئی لباس (کرتا، چادر یا عمامہ) پہنتے تو یہ دعا کرتے ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا هُوَلَهٗ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا هُوَلَهٗ ۔	اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی کی اور جس غرض کے لئے یہ ہے اس کی بھلائی کی استدعا کرتا ہوں اور اس کے شر سے اور جس غرض کے لئے یہ ہے اسکے شر سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔

نیا لباس پہننے کے وقت کی دعا

(۳) حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے ایک مرتبہ نیا کپڑا پہن کر یہ دعا کی ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ كَسَانِیۡ مَا اُوَارِیۡ	سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جس نے مجھے وہ لباس پہنایا جس سے میں اپنی

(۳) حم ' ت . جہ دیکھئے مشکوۃ المصابیح (۴۳۷۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِهٖ عَوْرَتِيْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ۔	شرمگاہ چھپاتا ہوں اور جسے میں اپنی زندگی میں سامانِ زینت بناتا ہوں۔

پھر حضرت عمرؓ نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا کہ جس نے نیا کپڑا پہنا اور یہی دعا پڑھی، پھر اپنے پرانے کپڑے کو صدقہ کر دیا تو وہ زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کے ظل وحمایت، اس کی حفاظت و پردہ داری میں ہوگا۔

گھر سے نکلنے کے وقت کی دعا

(۴) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو گھر سے نکلتے وقت یہ کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا	میں اللہ کا نام لے کر نکل رہا ہوں، اللہ پر میرا بھروسہ ہے۔ اللہ کی مدد کے بغیر نہ

(۴) ت (۳۴۲۲) د (۵۰۹۵) حب (۲۳۷۰)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔	کوئی طاقت کام آسکتی ہے اور نہ کوئی قوت

اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کہا جاتا ہے تجھے پوری رہنمائی مل گئی تیرا کام سدھار دیا گیا. تجھ کو محفوظ کر لیا گیا، اور شیطان نامراد ہو کر اس سے دور ہو جاتا ہے.

گھر میں داخل ہونیکے وقت کی دعا

(۵) حضرت ابو مالک اشعری سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی گھر میں داخل ہو تو یہ کہتا ہوا داخل ہو اور یہ کہنے کے بعد اپنے گھر والوں کو سلام کرے.

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا	اے خدا! میں تجھ سے گھر کے اندر آنے اور گھر کے باہر جانے کی خیر و برکت مانگتا ہوں، ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اور اسی کا نام لے کر نکلے اور اپنے

(۵) د (۵۰۹۶)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَعَلَى اللهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا۔	پروردگار خدا ہی پر ہمارا بھروسہ ہے۔

پائخانہ میں داخل ہونے کی دعا

(۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب قضائے حاجت کو جاتے تو یہ دُعا پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ	اے اللہ! مَیں تیری پناہ مانگتا ہوں
بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ	ذکور و اناث شیاطین سے۔

پائخانہ سے نکلنے کے وقت کی دعا

(۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء سے باہر آتے تو کہتے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ	تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے

(۶) خ (۱۴۲) م (۳۷۵) ت (۵) د (۵،۴) (۷) جہ (۳۰۱)
ابن السنی (۲۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذٰى وَعَافَانِيْ۔	مجھ سے تکلیف والی چیز دور فرمائی اور مجھے عافیت دی۔

وضو سے فارغ ہونے کی دعا

(۸) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے جو کوئی وضو کرے مکمل اور خوب اچھی طرح کرے پھر یہ دعا پڑھے تو اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دئے جائیں گے وہ جس دروازے سے چاہے جنت میں داخل ہوگا۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ اَللّٰهُمَّ	میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

(۸) م (۲۳۴) ت (۵۵) اللهم اجعلني کی زیادتی ترمذی سے ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ	اے اللہ تو مجھے توبہ کرنیوالوں میں سے
وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔	بنادے اور پاک رہنے والوں میں سے۔

مسجد میں داخل ہونے اور باہر آنے کی دعا

(۹) حضرت ابوحمید یا ابواسید رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ	اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے
أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔	دروازے کھول دے۔

اور جب مسجد سے باہر نکلنے لگے تو یہ دعا کرے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ	اے اللہ! مَیں تجھ سے تیرے فضل کا
مِنْ فَضْلِكَ۔	طلب گار ہوں۔

(۹) م (۷۱۳) د (۴۶۵) ن (۲/۵۳) الفاظ مسلم کے ہیں، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ وغیرہ میں دعا سے پہلے "فليسلِّم على النبي صلى الله عليه وسلم" کی روایت ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اذان کے بعد کی دعائیں

(۱۰) حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اذان کی آواز سن کر یہ کہے تو وہ شخص قیامت کے دن میری شفاعت کا مستحق ہوگا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَا ۨ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا ۨ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ۔	اے اللہ! اس دعوتِ کامل اور کھڑی ہونے والی نماز کے مالک تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو وسیلہ اور فضیلت کا خاص درجہ عطا فرما اور ان کو اس مقام محمود سے نواز جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔

(۱۱) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مؤذن کی اذان سننے کے وقت یہ کہے تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ	میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی

---

(۱۰) خ (۶۱۴) ت (۲۱۱) جہ (۷۲۲) (۱۱) م (۳۸۶) د (۵۲۵) ت (۲۱۰)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا۔

معبود نہیں، اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں اور میں اللہ کو رب مان کر خوش ہوں، اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول مان کر خوش ہوں اور اسلام کو دین حق مان کر

مغرب کی اذان کے بعد

(۱۲) ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے مغرب کی اذان کے بعد یہ دعا مانگنے کی تلقین فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ إِنَّ هٰذَا إِقْبَالُ لَيْلِكَ وَإِدْبَارُ نَهَارِكَ وَأَصْوَاتُ دُعَاتِكَ

اے اللہ! یہ تیری رات آ رہی ہے تیرا دن رخصت ہو رہا ہے۔ تیرے موذنوں کی آوازیں بلند ہو رہی ہیں۔ ایسے وقت

---

(۱۲) د (۵۳۰)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَاغْفِرْ لِيْ ۔	میں میری مغفرت فرما۔

تکبیر تحریمہ کے بعد کی دُعائیں

تکبیر تحریمہ کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی دُعائیں منقول ہیں، جن میں سے دو ذکر کی جاتی ہیں۔

(۱۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع فرماتے تو یہ پڑھتے۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ ۔	اے خدا! تو پاک ہے، تعریف تیرے لیے ہے اور تیرا نام بابرکت ہے اور تیری شان بلند ہے اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

(۱۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

---

(۱۳) جہ (۸۰۶) د (۷۷۶) ن (۱۲۲/۲) (۱۴) خ (۷۴۴) م (۵۹۸)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وسلم تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان ذرا سا توقف فرماتے۔ میں نے ایک مرتبہ عرض کیا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان، مجھے بتلا دیجیے کہ تکبیر تحریمہ اور قرآت کے درمیان کیا پڑھتے ہیں، آپ نے فرمایا۔ میں یہ کہتا ہوں:

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ۔	اے اللہ! میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنی دُوری کر دے جتنی تو نے مشرق و مغرب کے درمیان رکھی ہے اور اے اللہ! تو مجھے خطاؤں سے ایسا پاک و صاف کر دے جیسا کہ سفید کپڑا میل کچیل سے پاک و صاف کر دیا جاتا ہے، اور اے اللہ! تو میری خطائیں پانی برف اور اولے سے دھو ڈال۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رکوع اور سجدے کی دعائیں

(۱۵) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی تو آپ رکوع میں کہتے :

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ	پاک ہے میرا بزرگ رب

اور سجدے میں کہتے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى	پاک ہے میرا عالی شان رب

(۱۶) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع اور سجدے میں یہ کہتے تھے۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ	تو نہایت پاک ذات پاک صفت والا
رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِكَةِ	ہے ہمارا رب ہے، فرشتوں اور

---

(۱۵) ت (۲۶۱) د (۸۷۱) جہ (۸۸۸) ن (۲/۲۲۴)

(۱۶) م (۴۸۷) د (۸۷۲) ن (۲/۲۲۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالرُّوْحِ۔	روح الامین (جبریل) کا رب ہے۔

(۱۷) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع میں جاتے تو یہ دعا کرتے۔

اَللّٰھُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ وَخَشَعَ لَكَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَمُخِّيْ وَعَظْمِيْ وَعَصَبِيْ۔	اے اللہ! تیرے ہی لئے میں نے رکوع کیا، تجھی پر ایمان لایا، تیری فرمانبرداری کی اور تیرے ہی لیے میرے کان، نگاہیں، مغز، ہڈیاں اور رگ پٹھے سب جھکے ہوئے ہیں۔

(۱۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سجدے میں یہ دعا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ	اے اللہ! میرے سارے گناہ معاف فرمادے۔ چھوٹے، بڑے، اگلے، پچھلے

(۱۷) ت (۳۴۱۷) (۳۴۱۹) م (۷۷۱) (۱۸) م (۴۸۳) و (۷۷۸)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ ۔	ظاہر اور پوشیدہ

رکوع سے اُٹھنے کے بعد

(۱۹) حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ایک روز نماز پڑھ رہے تھے جب آپ نے رکوع سے سر اُٹھایا اور سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہا تو آپ کے پیچھے ایک شخص نے کہا۔

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ ۔	اے ہمارے پروردگار! تیرے ہی لئے ساری تعریفیں ہیں بہت زیادہ، پاکیزہ اور مبارک تعریفیں۔

جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا۔ یہ کہنے والا کون تھا؟ اس شخص نے کہا میں، آپ نے فرمایا۔ میں نے تیس سے زیادہ فرشتوں کو دیکھا کہ وہ ایک دوسرے

---

(۱۹) د (۷۷۰) (۷۷۳) ن (۹٦/۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے اس بات میں سبقت لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ اس کو پہلے کون نامہ اعمال میں لکھے۔

(۲۰) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب امام سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ کہے تو تم لوگ کہو اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ تو جس کا کہنا فرشتوں کے کہنے کے موافق ہو گا۔ اس کے پچھلے گناہ معاف کر دئیے جائیں گے۔

دونوں سجدوں کے درمیان کی دعا

(۲۱) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں سجدوں کے درمیان یہ دعا کیا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ	اے اللہ! میری مغفرت فرما دے مجھ

---

(۲۰) خ (۷۹۰) م (۴۰۹) و (۸۴۸)

(۲۱) د (۸۵۰) ت (۲۸۴) جہ (۸۹۸) الفاظ ابوداؤد کے ہیں)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ۔	پر رحم فرما، مجھے عافیت دے، بیدھے راستے پر چلا اور رزق عطا کر۔

تشہد

(۲۲) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس حال میں کہ میرا ہاتھ آپ کے دونوں ہاتھوں کے درمیان تھا تشہد پڑھنا سکھایا، جس طرح کہ وہ ہم کو قرآن کی سورہ کی تعلیم دیا کرتے تھے، وہ یہ ہے۔

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ	تمام قولی بدنی اور مالی عبادتیں اللہ ہی کے لیے ہیں یا تمام ادب و تعظیم کے کلمات، ہماری نمازیں اور تمام صدقات سلام آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت

(۲۲) خ (۶۲۶۵) م (۴۰۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

اور اس کی برکتیں، سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے سب نیک بندوں پر ہیں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔

تشہد کے بعد درود شریف

(۲۳) حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول، اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ پر سلام عرض کرنے کا طریقہ بتا دیا، اب ہم کو آپ یہ بتا دیں کہ آپ پر درود کیسے بھیجیں؟ آپ نے فرمایا یوں کہو۔

(۲۳) متفق علیہ، مشکوٰۃ المصابیح (۹۱۹) شرح السنۃ (۶۸۱)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اے اللہ! تو محمدؐ اور آل محمدؐ پر رحمت فرما جس طرح تو نے ابراہیمؑ اور ان کی آل پر رحمت فرمائی، تو حمد و ستائش کے لائق ہے اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! تو محمدؐ اور آل محمدؐ کو برکتیں عطا فرما، جس طرح تو نے ابراہیم اور آل ابراہیمؑ کو برکتیں عطا فرمائیں، تو حمد و ستائش کے لائق اور بزرگی والا ہے۔

درود شریف کے بعد کی دعائیں

(۲۴) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! مجھے کوئی ایسی دُعا بتا دیجئے جو میں اپنی نماز میں مانگا کروں۔ آپؐ

---

(۲۴) خ (۸۲۴) م (۲۷۰۵)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے ارشاد فرمایا یوں کہا کرو :

اے اللہ! میں نے اپنے اوپر بہت ظلم کیا اور تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا۔ تو اپنے فضل سے مجھے معاف فرمادے اور مجھ پر رحم فرما بلاشبہ تو ہی بہت معاف کرنے والا اور بہت رحم کرنے والا ہے۔	اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔

(۲۵) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی تشہد پڑھے (یعنی اس سے فارغ ہوجائے) تو وہ چار چیزوں سے اللہ کی پناہ اس طرح مانگے۔

اے اللہ! میں جہنم کے عذاب اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں	اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ

(۲۵) م (۵۸۸) د (۹۸۳) جہ (۹۰۹) ن (۵۸۰۳) الفاظ مسلم کے ہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ	اور زندگی و موت کی آزمائشوں اور دجال کے فتنہ سے پناہ مانگتا ہوں۔

نماز کے بعد کی دعائیں

(۲۶) حضرت علی بن أبی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کا سلام پھیرنے کے بعد یہ دعا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ	اے اللہ! میرے گناہ معاف کر دے جو میں نے پہلے کئے اور جو بعد میں کئے اور جو چھپا کے کئے اور جو علانیہ کئے اور جو میں نے زیادتی کی اُسے بھی معاف کر دے اور اسے بھی جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو آگے بڑھانیوالا ہے اور تو ہی پیچھے

(۲۶) د (۱۵۰۹) ت (۳۴۱۷)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِلَّا أَنْتَ۔	کرنے والا ہے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

(۲۷) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر فرض نماز کے بعد یہ دُعا کرتے تھے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ	اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں
وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ	وہ اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں
لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ	اس کی فرمانروائی ہے اور اسی کے لئے
الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى	سب تعریفیں ہیں اور وہی ہر چیز پر قادر
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ	ہے۔ اے اللہ! جو کچھ تو کسی کو دے
اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا	اسے کوئی روکنے والا نہیں، اور جسے
أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ	تو نہ دے اسے کوئی عطا کرنے والا نہیں
لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ	اور دولت مند کو اس کی دولت تیرے

(۲۷) خ (۸۴۴) م (۵۹۳) د (۱۵۰۵)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔ | مقابلے میں کام نہیں آسکتی۔ (اسے عمل صالح اور تیری اطاعت و فرمانبرداری کام آئے گی)

(۲۸) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرے تو اسے جنت میں جانے سے موت کے سوا کوئی چیز مانع نہیں ہوگی۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ | اللہ تعالیٰ ایسی ذات ہے کہ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ زندہ جاوید ہے۔ تمام کائنات کو سنبھالے ہوئے ہے، اسے نہ اونگھ لگتی ہے۔ اور نہ وہ سوتا ہے۔ زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اس کی ملکیت ہیں، ایسا

(۲۸) ابن السنی (۱۲۲) ابن القیم نے یہ حدیث الوابل الصیب میں بحوالہ النسائی الکبیر نقل کیا ہے دیکھئے ص (۲۲۹)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ
عِنْدَہٗ إِلَّا بِإِذْنِہٖ
یَعْلَمُ مَا بَیْنَ
أَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ
وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ
مِنْ عِلْمِہٖ إِلَّا بِمَا
شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ
السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضَ
وَ لَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا
وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

(سورہ بقرہ : ۲۵۵)

کون ہے جو اس کے پاس اسکی
اجازت کے بغیر کسی کی سفارش کرے جو
کچھ ان کے سامنے ہے اسے بھی وہ
جانتا ہے ان سے جو اوجھل ہے۔ اس سے
بھی وہ واقف ہے اور وہ اس کی معلومات
میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علم میں نہیں
لا سکتے۔ الا یہ کہ وہی جس قدر علم دینا
چاہے اس کی کرسی نے آسمانوں اور
زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے ان دونوں
کی حفاظت اس کے لئے باعث تھکن
نہیں ہے اور وہ عالیشان اور عظیم الشان
ذات ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دعائے قنوت

(۲۹) قنوت میں دو دعائیں منقول ہیں۔ ان میں سے جمہور علماء نے اس کو ترجیح دی ہے جو حضرت حسن بن علیؓ سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے چند کلمات تعلیم فرمائے جن کو میں قنوت وتر میں پڑھتا ہوں، وہ یہ ہیں

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ	اے اللہ! جن لوگوں کو تو ہدایت فرمائے ان کے ساتھ مجھے بھی ہدایت دے،

(۲۹) (۱۴۲۵) ت (۴۶۴) جہ (۱۱۷۸) حم (۱۹۹/۱) شرح السنۃ (۱۲۸/۲)
طبرانی اور بیہقی نے ولا یذل من والیت کے بعد ولا یعز من عا دیت روایت کیا ہے اور نسائی نے دوسرے طریق سے اخیر میں وصلی اللہ علی النبی محمد ذکر کیا ہے دیکھئے بلوغ المرام حدیث (۲۴۳) اور ابن خزیمہ اور ابن ابی شیبہ وغیرہ نے وتعالیت کے بعد لا منجا منک الا الیک کا ذکر کیا ہے۔ دیکھئے البانی کی صفۃ صلوۃ النبیؐ ص ۱۶۱ مطبوالمکتب الاسلامی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَ عَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَ تَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَإِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَ إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَ تَعَالَيْتَ۔

اور جن کو تو عافیت دے ان کے ساتھ مجھے بھی عافیت دے اور جن کا تو کارساز بنے ان کے ساتھ میرا بھی کارساز بن، اور ان تمام چیزوں میں جو تو نے مجھے دی ہیں برکت دے اور جو تو نے میرے لئے مقدر کیا ہے مجھے اس کے شر سے بچا، تیرا ہی حکم چلتا ہے اور تجھ پر کسی کا حکم نہیں چلتا، جس کا تو دوست ہو گیا وہ ذلیل و خوار نہیں ہوتا تو برکت والا ہے اے پروردگار اور عظیم الشان ہے

(۳۰) اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنُثْنِيْ

اے اللہ! ہم تجھی سے مدد مانگتے ہیں اور تجھی سے گناہوں کی بخشش چاہتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں۔

---

(۳۰) مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص (۳۰) مطبوعہ الدار السلفیہ بمبئی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ لَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَ اِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ۔

اور تیری تعریف کرتے ہیں تیری ناشکری نہیں کرتے اور جو تجھ سے نافرمانی کرتا ہے اس سے تعلق ختم کر لیتے ہیں، اے اللہ ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے ہیں اور تجھی کو سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور لپکتے ہیں اور تیرے عذاب سے خوف کھاتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں۔ بیشک تیرا یقینی عذاب کافروں کو پہنچ کر رہے گا۔

صبح و شام کی دعائیں

(۳۱) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کو

---

(۳۱) خد (۱۱۹۹) ت (۳۳۸۸) د (۵۰۶۸) جہ (۳۸۶۸) حب (۲۳۵۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعلیم فرماتے تھے کہ جب تم میں سے کوئی صبح کرے تو اللہ کے حضور میں عرض کرے۔

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ۔	اے اللہ! تیرے ہی حکم سے ہماری صبح ہوئی اور تیرے ہی حکم سے ہماری شام اور تیرے ہی حکم سے ہم جیتے ہیں، اور تیرے ہی حکم سے ہم مریں گے اور پھر تیرے ہی پاس حاضر ہوں گے۔

اور جب شام ہو تو یہ کہے؛

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ	اے اللہ! تیرے ہی حکم سے ہماری شام ہوئی اور تیرے ہی حکم سے ہماری صبح اور تیرے ہی حکم سے ہم جیتے ہیں اور تیرے ہی حکم سے ہم مریں گے اور تیرے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمَصِيْرُ۔	ہی پاس لوٹ کر جائیں گے

(۳۲) حضرت ابان بن عثمان روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو کہتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر دن کی صبح اور ہر رات کی شام کو تین دفعہ یہ دعا پڑھ لیا کرے تو اسے کوئی ضرر نہیں پہنچے گا۔ وہ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔	اس اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی، اور وہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔

سونے کے وقت کی دعائیں

(۳۳) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

---

(۳۲) ت (۳۳۸۵) ر (۵۰۸۸) جہ (۳۸۶۹) حب (۲۳۵۲) ک (۵۱۴،۱)
(۳۳) دیکھئے حاشیہ نمبر ۱

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وسلم جب رات کو سونے کے لئے لیٹتے تو اپنا دایاں ہاتھ اپنے رخسار مبارک کے نیچے رکھ لیتے۔ پھر یہ دعا کرتے:

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَ أَحْيَا۔	اے اللہ! مجھے تیرے ہی نام پر مرنا اور جینا ہے۔

اور جب سو کر اُٹھتے تو اس طرح کہتے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَ إِلَيْهِ النُّشُوْرُ۔	اس اللہ کی حمد و ثنا ہے جس نے موت طاری کرنے کے بعد ہم کو جلایا اور ہمیں اسی کے پاس جانا ہے۔

(۳۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ جب سونے کے لئے لیٹتے تو قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ" قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرتے اور جسم مبارک پر جہاں تک آپ کے ہاتھ پہنچتے پھیرتے، پہلے سر

---

(۳۴) خ (۵۷۴۸) م (۲۱۹۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور چہرے پر اس کے بعد جسم کے اگلے حصہ پر پھیرتے، ایسا تین دفعہ کرتے، حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ جب آپ بیمار ہوتے تو مجھے ایسا کرنے کا حکم فرماتے۔

(۳۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی بستر پر سونے کے لئے جائے تو وہ اپنا بستر اپنے تہبند کے کنارے سے (یا کسی بھی کپڑے سے) تین مرتبہ جھاڑے کیونکہ اسے پتہ نہیں ہے کہ اس کی غیر موجودگی میں اس پر کون سی چیز آپڑی تھی، پھر یہ دعا پڑھے۔

بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهُ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا	اے اللہ! تیرے ہی نام پر میں نے اپنا پہلو رکھا اور تیری ہی مدد سے اُسے اٹھاؤں گا۔ اگر تو میری روح قبض کرے تو اس پر رحم فرما اور اگر اس کو چھوڑ دے تو اس کی اس طرح حفاظت

(۳۵) خ (۶۳۲۰) م (۲۷۱۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ ۔	فرما جس طرح تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔

نیند نہ آئے تو کیا پڑھے

(۳۶) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بے خوابی کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا یہ دعا کرو:

اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَهَدَأَتِ الْعُيُوْنُ وَ اَنْتَ حَیٌّ قَيُّوْمٌ لَا تَاْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ اَهْدِئْ	اے اللہ! ستارے چھپ گئے اور آنکھیں نیند میں ڈوب گئیں اور تو زندہ رہنے والا اور ہر چیز کا نگہبان ہے، تجھے نہ اونگھ لگتی ہے اور نہ تو سوتا ہے اے ابدی زندہ رہنے والے اے نگہبان

(۳۶) ابن السنی (۷۵۴) طب (مجمع الزوائد (۱۰/۱۲۸)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَيْلِيْ وَ اَنِمْ عَيْنِيْ ۔	تو میری رات پُرسکون بنادے اور میری آنکھوں کو نیند بخش دے۔

حضرت زیدؓ کہتے ہیں کہ جب میں نے یہ دعا پڑھی تو اللہ تعالیٰ نے میری بے خوابی دور فرمادی۔

سوتے میں ڈر جائے تو کیا پڑھے

(۴۷) حضرت عمرو بن شعیب کے دادا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی نیند میں ڈر جائے اور یہ دعا پڑھ لے تو اسے وہ ڈراؤنا خواب کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا، دُعا یہ ہے۔

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ	مَیں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلموں کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں اس کے غضب سے، اس کی سزا سے اس کے بندوں کے شر سے

(۴۷) ت (۳۵۱۹) د (۳۸۹۳) حم (۲/۱۸۱) ابن السنی (۷۵۳)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عِبَادِہٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ۔	شیاطین کے وسوسوں سے، اور اس بات سے کہ وہ میرے قریب آئیں۔

قرض دور کرنے کی دعائیں

(۳۸) یہ دعا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کو صبح و شام پڑھنے کے لیئے تعلیم فرمائی تھی جس کے پڑھنے سے ان کے تمام قرض بآسانی ادا ہو گئے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ	اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں، فکر اور غم سے اور پناہ مانگتا ہوں معذوری کاہلی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں میں کنجوسی اور بزدلی سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں قرض کے غالب آجانے سے

(۳۸) د (۱۵۵۵)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ۔	اور تیری پناہ مانگتا ہوں لوگوں کے قہر اور دباؤ سے۔

(۳۹) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص اس دعا کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے قرض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائیں گے۔ اگرچہ اس کے قرض پہاڑ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں، وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ أَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔	خداوندا! مجھے حلال رزق دے کر حرام سے بچا دے، اور تو اپنے فضل وکرم سے مجھے اپنے غیروں سے بے نیاز کر دے۔

مشکل اور دشواری کے وقت

(۴۰) حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ

---

(۳۹) ت (۳۵۵۵) و بیہقی در الدعوات الکبیر' دیکھئے مشکاۃ المصابیح (۲۴۴۹)

(۴۰) حب (۲۴۲۷) ابن السنی (۳۵۳)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیہ وسلم نے یہ دعا فرمائی:

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا مَاجَعَلْتَهُ سَهْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا۔	اے اللہ! تو جس کام کو آسان بنائے وہی آسان ہے، اور اگر تو چاہے تو مشکل کو آسان کردے۔

تکلیف کے وقت کیا پڑھے

(۴۱) حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے جسم میں درد کی شکایت کی تو آپ نے ان سے فرمایا کہ تم اپنا ہاتھ اپنے جسم کی تکلیف والی جگہ پر رکھو اور تین مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر سات مرتبہ یہ دعا کرو۔

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ	میں اللہ کے جلال و قدرت کی پناہ لیتا ہوں۔ اس تکلیف کے شر سے جو میں

(۴۱) حم (۲۲۰۲) جہ (۳۵۲۲) د (۳۸۹۱) ت (۲۰۸۱)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ۔	محسوس کر رہا ہوں اور جس سے میں ڈرتا ہوں۔

(۴۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب ہم میں سے کوئی بیمار ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا ہاتھ اس کے جسم پر پھیرتے اور یہ دعا کرتے۔

أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔	اے لوگوں کے پروردگار تکلیف دور فرما دے اور شفا عطا کر، تو ہی شفا عطا کرنے والا ہے، تیری شفا کے سوا کوئی شفا نہیں، ایسی کامل شفا دے کہ بیماری کا کوئی اثر باقی نہ رہنے دے۔

دشمن سے خوف کے وقت

(۴۳) حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی

---

(۴۲) خ (۵۷۵۰) م (۲۱۹۱) (۴۳) د (۱۵۳۷)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ علیہ وسلم کو جب کسی دشمن سے خطرہ محسوس ہوتا ہے تو یہ دعا کرتے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔	اے اللہ! ہم تجھ کو ان دشمنوں کے مقابلے میں پیش کرتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔

دشمن کے مرنے پر کیا کہے

(۴۴) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! خدائے عزوجل نے ابو جہل کو ہلاک کر دیا تو آپ نے فرمایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ نَصَرَ عَبْدَہٗ وَ اَعَزَّ دِیْنَہٗ۔	تمام حمد و ثنا اس اللہ کے لیئے ہے جس نے اپنے بندے کی نصرت کی اور اپنے دین کو عزت و غلبہ سے نوازا۔

---

(۴۴) ابن السنی (۵۶۷)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب کسی مسلم کے مرنے کی خبر ملے تو کیا کہے

(۵۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ موت خوف و دہشت کا باعث ہے اس لئے جب تم میں سے کسی کو اپنے مومن بھائی کے انتقال کی خبر ملے تو یہ کہے۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ۔ اَللّٰهُمَّ اكْتُبْهُ عِنْدَكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ وَاجْعَلْ كِتَابَهُ فِي عِلِّيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِي أَهْلِهِ فِي الْغَابِرِيْنَ وَلَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا	بیشک ہم اللہ کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں، اور ہم اپنے رب کی طرف جانے والے ہیں۔ یا اللہ تو اس کو اپنے مخلص بندوں میں لکھ دے اور اس کی کتاب علیین میں لکھ رکھ اور پسماندگان میں اس کا قائم مقام بن جا اور اس کے اجر سے ہم کو محروم نہ کر اور

(۴۵) ابن السنی (۵۶۶)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَفْتِنَّا بَعْدَهٗ۔ | نہ اس کے بعد ہم کو آزمائش میں ڈال۔

نمازِ جنازہ میں میّت کے لئے دعا

(۴۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی جنازے کی نماز پڑھتے تو یہ دُعا کرتے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ	اے اللہ! ہمارے زندوں، ہمارے مردوں، ہمارے حاضروں، ہمارے غائبوں، ہمارے چھوٹے، ہمارے بڑے ہمارے مردوں، ہماری عورتوں سب کی مغفرت فرما، اے اللہ! تو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے تو اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور جسے موت دے، اسے

(۴۶) د (۳۲۰۱) جہ (۱۴۹۸) حم (۳۶۸/۲) ک (۳۵۸/۱) الفاظ حدیث ابن ماجہ کے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَى الْإِيمَانِ اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ۔	ایمان کی حالت میں موت دے، اے اللہ اس میت پہ (صبر کرنے کے) اجر سے ہمیں محروم نہ کر اور نہ ہمیں تو اس کے بعد گمراہ کر۔

میت کو قبر میں رکھے تو کیا کہے

(۴۷) حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دختر حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا قبر میں رکھی گئیں تو آپ نے یہ دعا کی تھی۔

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ بِسْمِ اللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ	اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا کیا، اسی میں ہم تمہیں واپس لے جائیں گے اور اسی سے تم کو دوبارہ نکالیں گے، اللہ کے نام پر اور اللہ کی راہ میں اور رسول

(۴۷) حم (۲۵۴/۵) ک (۳۴۸/۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔	اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مذہب اور طریقے پر۔

زیارت قبر کیلئے قبرستان جائے تو کیا کہے

(۴۸) حضرت بریدہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو تلقین فرمایا کرتے تھے کہ جب وہ قبرستان جائیں تو یہ کہیں:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْاَلُ اللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃَ	اس دیار کے رہنے والے مومنو اور مسلمانو! تم پر سلام ہو، انشاء اللہ ہم تم سے عنقریب آملیں گے، ہم اللہ سے اپنے اور تمہارے لیے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔

(۴۸) م (۹۷۵) ن (۹۴/۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آندھی اور طوفان کے وقت کیا کہے

(۴۹) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آندھی آتی تو یہ دعا کرتے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَ خَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهٖ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَ شَرِّ مَا فِيْهَا وَ شَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهٖ۔

خداوندا: میں تجھ سے اس آندھی کی خیر و برکت کا اور جو کچھ اس میں ہے اس کی خیر و برکت کا اور جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اس کے خیر کا طالب ہوں، میں آپ کی پناہ لیتا ہوں اس کے شر سے اور اس سے جو اس میں ہے اور اس کے شر سے جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی۔

---

(۴۹) ت (۳۴۴۵) م (۸۹۹) الفاظ مسلم کے ہیں۔ ترمذی میں اسالك من خيرها " ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک کے وقت کی دعا

(۵۰) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک سنتے تو یہ دعا کرتے۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُھْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ۔	اے اللہ! تو ہمیں اپنے غضب سے نہ مار، اور اپنے عذاب سے ہلاک نہ کر اور اس سے پہلے ہی ہمیں امن و عافیت سے نواز

پہلی رات کا چاند دیکھے تو کیا پڑھے

(۵۱) حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

---

(۵۰) خد (۷۱۲) ت (۳۴۴۶) امام بخاری نے "بصعقك" روایت کیا ہے۔

(۵۱) ت (۳۴۴۷) حم (۱/۱۶۲) دی (۲/۳) حب (۲۳۷۵) ابن السنی (۶۴۶) الفاظ حدیث ابن السنی کے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ علیہ وسلم جب پہلی رات کا چاند دیکھتے تو یہ دعا کرتے۔

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰہُ تَعَالٰی	خداوندا! یہ چاند ہم پر امن وایمان اور سلامتی واسلام کے ساتھ طلوع کرنا، اے چاند! میرا اور تیرا رب اللہ تعالیٰ ہے۔

روزہ افطار کرنے کی دعائیں

(۵۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب روزہ افطار فرماتے تو یہ کہتے:

ذَھَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ	پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہو گئیں اور اجر و ثواب یقینی ہو گیا۔ انشاء اللہ۔

(۵۳) حضرت معاذ بن زہرہ (تابعی) روایت کرتے ہیں کہ انھیں یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب روزہ افطار فرماتے تو یہ دعا کرتے۔

---

(۵۲) د (۲۳۵۷) ک (۴۲۲/۱) ابن السنی (۴۷۹) (۵۳) د (۲۳۵۸)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ	اے اللہ! میں نے تیرے ہی واسطے روزہ رکھا، اور تیرے ہی رزق سے میں نے افطار کیا۔

کسی دوسرے کے یہاں کچھ تناول کرے تو کیا کہے

(۵۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سعد بن عبادہؓ کے پاس تشریف لے گئے تو وہ روٹی اور تیل لائے جس سے آپ نے تناول فرما کر یہ دعائیہ کلمات کہے:

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ	تمہارے یہاں روزہ دار روزہ کھولیں۔ اور نیک لوگ تمہارا کھانا کھائیں، اور فرشتے تمہارے حق میں دعا کریں۔

---

(۵۴) د (۳۸۵۴) جہ (۱۷۴۷) حم (۱۳۸/۳) ابن السنی (۴۸۳)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سفر پر جانے اور اس سے واپس آنے کی دعا

(۵۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ جب سفر کے لیے اونٹ پر سوار ہوتے تو تین دفعہ اللہ اکبر کہتے۔ اس کے بعد یہ دعا کرتے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ، اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى	پاک و بے عیب ہے وہ ذات جس نے ہمارے لئے اس کو قابو میں دیا ورنہ ہم اس کو قابو میں کرنے والے نہیں تھے، اور ہم اپنے پروردگار کے پاس لوٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ! ہم اپنے اس سفر میں تجھ سے نیکی اور تقوٰی کی اور ان اعمال کی درخواست

(۵۵) م (۱۳۴۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَاٰبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ۔

کرتے ہیں جو تجھے پسند ہے، اے اللہ! تو ہم پر یہ سفر آسان فرمادے اور اس کی دوری کم کردے۔ اے اللہ! بس تو ہی اس سفر میں ہمارا رفیق اور سہارا ہے اور ہمارے پیچھے تو ہی ہمارے مال و جائداد اور اہل وعیال کی دیکھ بھال کرنے والا ہے، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ سفر کی مشقت اور تکلیف دہ منظر سے، اور اس سے کہ سفر سے واپسی پر اہل وعیال اور مال جائداد میں کوئی بری بات کا سامنا کروں۔

اور سفر سے واپس ہوتے تو یہی کلمات کہتے لیکن اخیر میں ان کلمات کا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اضافہ کرتے۔

اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ۔	ہم واپس لوٹنے والے توبہ کرنے والے اور عبادت کرنے والے ہیں اور اپنے پروردگار کی حمد وثنا کرنے والے۔

رخصت کرنے والا کیا کہے

(۵۶) حضرت قزعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے ان سے کہا آؤ تمہیں ایسے رخصت کروں جس طرح مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت فرمایا تھا۔ (اس کے بعد یہ دعا پڑھی۔)

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ	تمہارے دین، امانت اور آخری اعمال کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

(۵۶) د (۲۶۰۰) حب (۲۳۷۶) ک (۴۴۲/۱)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سفر میں کسی جگہ اترنے کی دعا

(۵۷) حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جب کوئی اثنائے سفر کسی جگہ اترے اور یہ دعا کر لے۔

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	میں اللہ کے کلمات تامہ کی پناہ مانگتا ہوں اس کی مخلوقات کے شر سے۔

توجب تک وہ وہاں سے روانہ نہ ہو جائے اس کو کوئی چیز ضرر نہیں پہنچائے گی۔

کسی بستی میں داخل ہونے کی دعا

(۵۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

(۵۷) م (۲۷۰۸) (۵۸) حب (۲۳۷۷) ابن السنی (۵۲۸) ک (۲/۱۰۰/۲ـ۴۴۶)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا دستور تھا کہ جب سفر میں وہ بستی نظر آتی جہاں آپ جانا چاہتے تھے۔ یہ دعا کرتے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ	اے اللہ! میں تجھ سے اس بستی کی اچھائی
مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ وَخَيْرِ	کا طالب ہوں، اور اس اچھائی اور بھلائی
مَا جَمَعْتَ فِيْهَا وَ	کا جو اس میں ہے اور میں تیری پناہ لیتا
أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا	ہوں، اس کے شر سے اور اس شر سے
وَشَرِّ مَا جَمَعْتَ فِيْهَا	جو اس میں ہے، اے اللہ تو ہمیں اس
اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا حَيَاهَا	بستی کی اچھی پیداوار سے ہمارا رزق بنا،
وَأَعِذْنَا مِنْ وَبَاهَا	اور اس کی بیماری اور بلا سے ہمیں بچا اور
وَحَبِّبْنَا إِلٰى أَهْلِهَا وَ	اس بستی والوں کے دل میں ہماری محبت
حَبِّبْ صَالِحِيْ أَهْلِهَا	ڈال دے اور اس کے صالح افراد کی محبت
إِلَيْنَا۔	ہمارے اندر پیدا کر دے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھانا کھاتے وقت بسم اللہ پڑھنا

(۵۹) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو شروع میں بِسْمِ اللّٰہِ کہہ لے۔ اگر کہنا بھول جائے اور بعد میں یاد آئے تو یوں کہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَ اٰخِرَہٗ ۔	اللہ کے نام کے ساتھ شروع میں بھی اور آخر میں بھی۔

کھانے سے فارغ ہونے کے بعد کی دُعا

(۶۰) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانے سے فارغ ہوتے تو یہ کہتے۔

---

(۵۹) د (۳۷۶۷) حب (۱۳۴۱) ک (۱۰۸/۴)

(۶۰) د (۳۸۵۰) ت (۳۴۵۳) جہ (۳۲۸۳) ابن السنی (۴۵۸) حم (۳۲/۳)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ ۔	تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا پلایا، اور ہمیں مسلمان بنایا۔

کھانا کھلانے والے کے لئے دعا

(۶۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانا کھلانے والے کو یہ دعا فرمائی ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ ۔	خداوندا! تو نے جو رزق انہیں دیا ہے۔ اس میں برکت عطا فرما اور ان کے گناہ بخش دے، اور ان پر رحم فرما۔

یا دُعا نمبر ۵۴ پڑھے۔

نیا میوہ و پھل دیکھنے کی دُعا

(۶۲) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ

(۶۱) م (۲۰۴۲) ابن السنی (۴۷۷) (۶۲) ابن السنی (۲۸۱)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب فصل کا نیا میوہ آپ کی خدمت میں پیش کیا جاتا۔ تو اسے اپنی آنکھوں پر پھر اپنے ہونٹوں پر رکھ کر یہ دعا فرماتے۔

اَللّٰهُمَّ اَرَيْتَنَا اَوَّلَهٗ فَاَرِنَا اٰخِرَهٗ۔	خداوندا! تونے ہمیں فصل کا پہلا میوہ دکھایا ہے ہمیں اس کا آخری میوہ بھی دکھا

اس کے بعد آپ وہ پھل اپنے پاس کسی چھوٹے بچے کو عنایت فرمادیتے۔

چھینک آنے کے وقت کی دُعا

(۶۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں کسی کو جب چھینک آئے تو وہ کہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" (تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں۔) اور اس کا مومن بھائی کہے "يَرْحَمُكَ اللّٰهُ" (تم پر اللہ رحم فرمائے) جب وہ یہ کہے تو اس کے جواب میں چھینکنے والا کہے:

يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ	اللہ تم کو سیدھی راہ پر چلائے اور تمہارا

(۶۳) خ (۶۲۲۴) د (۵۰۳۳)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔	حال درست کرے۔

کافر کو چھینک آئے تو کیا کہے

(۶۴) حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس غرض سے چھینکتے تھے کہ آپ ان کے لئے دعائیہ جملہ یَرْحَمُكَ اللهُ کہیں تو آپ فرماتے:

يَهْدِيكُمُ اللهُ	اللہ تم کو ہدایت دے اور تمہاری حالت
وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔	درست فرمائے۔

خطبۂ نکاح

(۶۵) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِينُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنَعُوذُ بِاللهِ

---

(۶۴) د (۵۰۳۸) ت (۲۷۴۰) حم (۴۰۰۴) خد (۹۴۰)

(۶۵) ت (۱۱۰۵) جہ (۱۸۹۲) د (۲۱۱۸) ن (۱۰۵/۳) الفاظ حدیث ابن ماجہ کے ہیں۔

آیتوں کی ترتیب الوابل الصیب اور الأذکار وغیرہ سے ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّهْدِهِ اللّٰهُ
فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ یُّضْلِلْ فَلَا هَادِیَ لَهٗ وَاَشْهَدُ
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، یٰاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ
خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ
مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ
بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا" (النساء : ۱) یٰاَیُّهَا
الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ
اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ (آل عمران : ۱۰۲) یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا. یُصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ
وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا۔ (الاحزاب: ۷۰، ۷۱)

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، ہم اسی کی تعریف کرتے ہیں
ہم اسی سے مدد مانگتے ہیں، اور اسی سے معافی مانگتے ہیں، اور اپنے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نفس کی شرارتوں اور اپنے اعمال کی برائیوں سے اس کی پناہ مانگتے ہیں، اللہ جسے سیدھی راہ پر لگائے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں، اور جسے غلط راستے پر لگائے اسے کوئی سیدھا چلانے والا نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔ لوگو! اپنے رب سے ڈرو، جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت مرد و عورت دنیا میں پھیلائے، اس خدا سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے اپنا حق مانگتے ہو اور رشتہ و قرابت کے تعلقات بگاڑنے سے پرہیز کرو، یقین جانو کہ اللہ تم پر نگرانی کر رہا ہے۔ (النساء: ۱) "اے لوگو! جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے، تم کو موت نہ آئے مگر اس حال میں کہ تم مسلم ہو" (آل عمران: ۱۰۲) "اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات کیا کرو، اللہ تمہارے اعمال درست کر دے گا۔ اور تمہارے قصوروں سے درگزر فرمائے گا، جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اس نے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بڑی کامیابی حاصل کی۔ (الأحزاب ۷۰،۷۱)

شادی کی مبارکباد

(۶۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کی شادی پر اس کو مبارک باد دیتے تو اس طرح فرماتے۔

بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمْ وَبَارَكَ عَلَيْكُمْ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ۔	خدا تمہارے لئے یہ (شادی) مبارک کرے، اور تم پر برکتیں نازل فرمائے اور تم دونوں کو خیر و بھلائی پر متفق رکھے۔

بیوی کے پاس جائے تو کیا کہے

(۶۷) حضرت عمرو بن شعیب کے دادا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ تم میں کوئی جب کسی عورت سے شادی کرے یا خدمت

---

(۶۶) جہ (۱۹۰۵) (۶۷) د (۲۱۶۰) جہ (۱۹۱۸) ک (۱۸۵/۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے لئے باندی یا غلام خریدے تو یہ دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَاجَبَلْتَھَا عَلَیْهِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّھَا وَمِنْ شَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْهِ۔	اے اللہ! میں تجھ سے اس کی خیر و برکت کا اور اس کی فطری خصلت کی خیر و بھلائی کا طلب گار ہوں اور اس میں اور اس کی فطرت میں جو برائی ہے اس سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اور اگر اونٹ وغیرہ خریدے تو اس کے کوہان کی چوٹی کو پکڑ کر مذکورہ دعا پڑھے۔

جماع کے وقت کی دعا

(۶۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جب تم میں سے میں سے کوئی اپنی بیوی کے پاس جانے کے

(۶۸) خ (۶۳۸۸) م (۱۴۳۴) د (۲۱۶۱) ت (۱۳۹۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقت دعا کر لیا کرے تو اس مباشرت کے بعد جو بچہ پیدا ہوگا اسے شیطان کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا۔	اللہ کے نام سے، اے اللہ تو ہم سے شیطان کو دور رکھ اور جو اولاد ہم کو دے اس سے بھی شیطان کو دور رکھ۔

مجلس سے اٹھنے کی دعا

(۶۹) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجلس کے اختتام پر اٹھتے وقت یہ دعا کیا کرتے تھے۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ	خداوندا! میں تیری پاکی بیان کرتا ہوں اور تیری تعریف کرتا ہوں، گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے سوا کوئی عبادت کے

---

(۶۹) د (۴۸۵۹) حب (۲۳۶۹) ک (۱/۷/۵۳۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ ۔	لائق نہیں، میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیری بارگاہ میں اپنی گناہوں سے توبہ کرتا ہوں

مجلس سے اٹھتے وقت اپنے اور اہل مجلس کیلئے دعا

(٧٠) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجلس سے اٹھتے وقت اپنے اصحاب کے لئے اکثر یہ دُعا فرماتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُولُ بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا	اے اللہ! تو اپنے خوف سے ہمیں اتنا حصہ دے جس سے تو ہمارے درمیان اور ہماری نافرمانیوں کے درمیان حائل ہو جائے اور اپنی فرمانبرداری اور اطاعت گزاری میں سے وہ قوت دے

(٧٠) ت (٣٤٩٧) ک (١/٥٢٨) ابن السنی (٤٤٨) الفاظ حدیث ابن السنی کے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ
وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا
تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا
مَصَائِبَ الدُّنْيَا اَللّٰهُمَّ
مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا
وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا
وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا
وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا
وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا۔ وَلَا
تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا
تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا
وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا
تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ

جس کے ذریعہ تو ہمیں اپنی جنت تک
پہنچا دے اور یقین و ایمان کا اتنا
حصہ دے جو ہم پر دنیا کی مصیبتوں کو
آسان کر دے، خداوندا! تو ہمیں جب
تک زندہ رکھے ہمارے کانوں، آنکھوں
اور قوت سے نفع پہنچا، اور اس کا فیض
ہمارے مرنے کے بعد بھی باقی رکھ اور
جو کوئی ہم پر ظلم کرے تو اس سے ہمارا
بدلہ لے، اور ہم سے جو عداوت رکھے
اس پر ہماری مدد فرما اور ہماری مصیبت
ہمارے دین میں تجویز مت کر اور دنیا کو
ہمارا سب سے بڑا مقصد اور ہمارے علم کا
منتہا اور منزلِ مقصود نہ بنا اور ہم پر ایسے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا يَرْحَمُنَا۔	کو مسلط نہ کر جو ہم پر ترس نہ کھائے۔

کسی مصیبت زدہ کو دیکھنے کے وقت کی دُعا

(۷۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی مبتلائے مصیبت کو دیکھے اور یہ دعا کرے تو وہ بلا اور مصیبت سے محفوظ رہے گا، دعا یہ ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔	حمد اس اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے اس سے محفوظ و مامون رکھا جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی مخلوقات میں سے بہتوں پر فضیلت بخشی۔

(۷۱) ت (۳۴۲۷) جہ (۳۸۹۲) ابو نعیم (۲۶۵/۶)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بازار جانے کی دعا

(۷۲) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ جب بازار تشریف لے جاتے تو یہ دعا کرتے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ	اللہ کا نام لے کر، اے اللہ! میں تجھ
إِنِّیْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ	سے اس بازار میں اور اس کی چیزوں
السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا	میں جو خیر و برکت ہے اس کا سوال کرتا
وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا	ہوں اور اس بازار میں اور اس کی چیزوں
وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ	میں جو شر ہے اس سے تیری پناہ مانگتا
أَعُوْذُ بِكَ أَنْ أُصِيْبَ	ہوں۔ اے اللہ! اس سے بھی تیری
فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً	پناہ مانگتا ہوں کہ اس بازار میں

(۷۲) ابن السنی (۱۸۰) ک (۱/۵۳۹) طب مجمع الزوائد (۱۰/۲۹) بیہقی دار الدعوات الکبیر دیکھئے مشکاۃ المصابیح (۲۴۵۶)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً۔ | جوٹی قسم کا شکار ہو جاؤں یا میں خسارے کا سودا کروں۔

آئینہ دیکھنے کے وقت کی دعا

(٧٣) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آئینہ دیکھتے تو یہ دعا کرتے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَحَسِّنْ خُلُقِيْ۔ | تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، اے اللہ جس طرح تو نے میری شکل و صورت اچھی بنائی ہے ویسے ہی میرے اخلاق اچھے بنا دے۔

سید الاستغفار

(٧٤) حضرت شداد بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

---

(٧٣) ابن السنی (١٦٢) (٧٤) خ (٦٣٠٦) ت (٣٣٩٠) حم (١٢٢/٤) ن (٢٧٩/٨)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سیدالاستغفار (یعنی استغفار کے لئے سب سے بہتر اور جامع کلمات) یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں یوں گویا ہو۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ	اے اللہ! تو ہی میرا پروردگار ہے،
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ	تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،
وَ اَنَا عَبْدُکَ وَ اَنَا عَلٰی	تو نے ہی مجھ کو پیدا کیا، میں تیرہ بندہ ہوں
عَھْدِکَ وَ وَعْدِکَ مَا	میں تیرے وعدے اور عہد پر حتی المقدور
اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُ بِکَ	قائم رہوں گا۔ میں پناہ مانگتا ہوں تیری
مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ	اپنے اعمال کے شر سے اور میرے اوپر
اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ	تیری جو نعمتیں ہیں میں ان کا اعتراف کرتا
عَلَیَّ، وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ	ہوں، اور میں اپنے گناہوں کا بھی اقرار
اِغْفِرْ لِیْ فَاِنَّہٗ لَا	کرتا ہوں، تو مجھے معاف کر دے اس
یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا	لئے کہ تیرے سوا گناہوں کو بخشنے والا
اَنْتَ۔	کوئی نہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضور نے ارشاد فرمایا کہ جس نے دن کے شروع میں یقین وایمان کیساتھ یہ کلمات کہے اور اسی دن رات شروع ہونے سے پہلے اس کی وفات ہوگئی تو وہ جنت میں جائے گا، اور ایسے ہی اگر کوئی یہ کلمات رات کو کہے۔ ایمان ویقین کے ساتھ اور صبح سے پہلے اس کا انتقال ہوگیا تو وہ جنت میں جائے گا۔

استخارہ کی دعا

(۷۵) حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو اپنے تمام معاملات میں استخارہ کرنے کا طریقہ اس طرح سکھاتے تھے، جس طرح ہم کو قرآن کی سورتوں کو تعلیم دیا کرتے تھے، آپؐ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو کام کرنے کا ارادہ ہو تو وہ دو رکعت نفلی نماز پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا کرے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ

---

(۷۵) خ (۲۳۸۲) ت (۴۸۰) د (۱۵۳۸) جہ (۱۳۸۳) ن (۸۰/۶) حم (۳۴۴/۳)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ ؎ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ، وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ رَضِّنِيْ بِهٖ۔

؎ روایتوں میں "ومعاشی" کے بعد راوی کو شک ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وعاقبة امری" ارشاد فرمایا ہے یا "وعاجل امری واجله" ابن القیم نے راوی کے شک کو دور کر کے "وعاجل امری واجله" کو حذف کر دیا ہے اور صرف پہلے لفظ وعاقبة امری کو باقی رکھا ہے دیکھئے الوابل الصیب ص ۲۳۴ نیز جلاء الافہام میں تحقیق کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ حضور کا ارشاد وعاقبة امری ہی ہے اور یہ کہ دونوں کو دعا میں جمع کرنا درست نہیں ہے اور اس کی علت بھی بیان کی ہے دیکھئے جلاء الافہام ص ۱۹۲

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے علم کے ذریعہ سے بھلائی طلب کرتا ہوں، اور تیری قدرت کے ذریعہ تجھ سے طاقت چاہتا ہوں، اور تیرے فضل و کرم کی بھیک مانگتا ہوں کیونکہ تو ہی قدرت والا ہے، اور میں عاجز ہوں اور تو جانتا ہے میں نہیں جانتا، اور تو غیب کی باتیں جاننے والا ہے، اے اللہ اگر تیرے علم میں یہ کام دین و دنیا کے لحاظ سے اور انجام کے لحاظ سے میرے لیے بہتر ہے تو تو یہ کام مجھ پر آسان کر دے۔ پھر مجھے اس کام میں برکت دے، اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام دین و دنیا کے لحاظ سے اور انجام کے لحاظ سے میرے لیے برا ہے تو مجھ سے اس کام کو دور رکھ اور مجھے اس کام سے باز رکھ، اور میرے لیے بہتری مقدر کر دے جہاں ہو، اور پھر مجھے اس پر راضی اور مطمئن کر دے۔

دعائے حاجت

(۷۶) حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

---

(۷۶) ت (۴۷۹) جہ (۱۳۸۴)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وسلم نے فرمایا جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو یا کسی شخص سے ضرورت ہو، وہ وضو کرے اچھی طرح، اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ اس کے بعد یہ دُعا کرے۔

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ	اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بڑا بردبار
الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ	کرم کرنے والا ہے، پاک و مقدس ہے
اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ	وہ اللہ جو عرش عظیم کا رب ہے اور سب
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ	تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں
أَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ	میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان اعمال کا جو
وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ	تیری رحمت کا باعث ہوں اور تیری مغفرت
وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ	کا پختہ سبب بنیں اور سوال کرتا ہوں تجھ
وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ	سے ہر نیکی سے حصہ لینے کا اور ہر گناہ سے
لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا	سلامتی کا، خداوندا! تو میرے سب گناہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رَضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔	بخش دے اور ہر غم والجھن دور فرما دے اور ہر ضرورت جس سے تو راضی ہو اس کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دے۔ اے سب سے بڑے رحم کرنے والے۔

جامع دعائیں

یہ دعائیں عمومی قسم کی ذکر کی جارہی ہیں، جو نماز یا کسی وقت کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں، مومن جب چاہے ان کلمات کے ساتھ اللہ کے حضور گڑگڑائے اور اپنی عبودیت کا اظہار کرے۔

(۷۷) بنو حنظلہ کے ایک شخص روایت کرتے ہیں کہ میں ایک سفر میں شداد بن اوسؓ کے ہمراہ تھا، اس موقع پر انھوں نے مجھ سے کہا کیا میں تم کو وہ عمل نہ بتاؤں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو تعلیم فرمایا کرتے تھے۔ (وہ یہ ہے کہ

(۷۷) ت (۳۴۰۴) ک (۱/۵۰۸) حب (۲۴۱۶) حم (۱۲۵/۴) ن (۵۴/۳)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تم یوں پڑھا کرو)

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ وَ أَسْأَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَ اَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَأَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَقَلْبًا سَلِيْمًا وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَ اَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۔

اے اللہ! میں تجھ سے معاملات میں ثابت قدمی چاہتا ہوں اور سوجھ بوجھ میں پختگی کا طالب ہوں اور تیری نعمت کی شکرگزاری اور حسن عبادت کی توفیق مانگتا ہوں اور میں تجھ سے سچ بولنے والی زبان اور صحیح وسالم دل مانگتا ہوں اور جو تو جانتا ہے اس کے شر سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں اور جو تو جانتا ہے اس کی بھلائی کا خواستگار ہوں اور اپنے ان گناہوں سے جو تو جانتا ہے۔ مغفرت چاہتا ہوں، تو ہی تمام پوشیدہ باتوں کا خوب جاننے والا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۷۸) حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ	اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں، کم
مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ	ہمتی سے، سستی و کاہلی سے، بزدلی سے
وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ	کنجوسی سے انتہائی بڑھاپا اور عذاب
وَعَذَابِ الْقَبْرِ اَللّٰهُمَّ	قبر سے۔ اے اللہ! تو میرے نفس کو پرہیز
آتِ نَفْسِيْ تَقْوَاهَا	گاری عطا فرما اور اسے پاک وصاف کر،
وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ	تو ہی اس کو سب سے بہتر پاک وصاف
زَكَّاهَا أَنْتَ وَلِيُّهَا وَ	کرنے والا ہے، تو ہی اس کا نگران و مالک
مَوْلَاهَا، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ	ہے۔ اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں،
أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ	تیری اس علم سے جو مجھے نفع نہ دے اور
لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا	ایسے دل سے جس میں تیرا خوف نہ ہو

(۷۸) م (۲۷۲۲) ت (۳۵۶۷) مختصراً، ن (۲۶۰/۸)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا يَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا۔	اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو، اور ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو۔

(۷۹) حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی دعائیں فرمائیں جو ہم کو یاد نہیں رہیں، اس لئے ہم نے آپ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ! آپ نے بہت سی دعائیں فرمائی تھیں جو ہم یاد نہیں رکھ سکے، آپؐ نے فرمایا میں تمہیں ایسی دعا نہ بتاؤں جس میں ساری دعائیں شامل ہو جائیں، یوں کہو:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ	اے اللہ! ہم تجھ سے وہ خیر و بھلائی چاہتے ہیں جو تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ سے مانگی ہیں، اور ہم ان چیزوں سے تیری پناہ مانگتے ہیں جن سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے مف

(۷۹) ت (۳۵۱۶) جہ (۳۸۴۶) حب (۲۴۱۳) الفاظ ترمذی کے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	
وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ	تو ہی ہے جس سے مدد طلب کی جائے،
وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ	اور ہم کو مقامِ مقصد تک پہنچانا تیرے ہی اوپر ہے، اور کسی مقصد کے حصول کے لئے
وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔	طاقت و قوت بس اللہ ہی سے ملے گی۔

قربانی کا طریقہ

(۸۰) قربانی کے جانور کو قبلہ رخ لٹائے اور یہ دعا کرے

إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ وَمِنْكَ

(۸۰) مسند احمد ج ۳ ص ۳۷۵، سنن ابو داؤد حدیث نمبر (۲۷۹۵) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (۳۱۲۱) الأضاحی، باب اضاحی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ دعا پڑھ کر بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتے ہوئے ذبح کرے اور ذبح کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْهُ مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّخَلِيْلِكَ إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔

میں نے اپنا رخ اس اللہ کی طرف کر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، سب سے یکسو ہو کر، اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں، میری نماز، میری قربانی، میرا جینا اور میرا مرنا اللہ رب العالمین کے لئے ہے۔ جس کا کوئی شریک نہیں، مجھے اس کا حکم دیا گیا ہے، اور میں سب سے پہلے اپنے رب کا فرمانبردار ہوں ملے اللہ! یہ قربانی تیرے لیے ہے اور تیری ہی توفیق سے ہے۔

اے اللہ تو اسے مجھ سے قبول فرما جس طرح اپنے حبیب محمد اور اپنے خلیل ابراہیم علیہما الصلاۃ والسلام سے قبول فرمایا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دعائے عقیقہ

(۸۱) بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ لَكَ وَإِلَيْكَ هٰذِهِ عَقِيْقَةُ فُلَانٍ

(فلاں کی جگہ بچہ یا بچی کا نام لے) کہتے ہوئے ذبح کرے۔

---

(۸۱) السنن الکبریٰ للبیہقی ج (۹) ص (۳۰۴) المنہاج فی شعب الایمان للحلیمی ج (۳) ص (۲۹۵)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مصادر

کتاب	ناشر
۱۔ صحیح بخاری مع فتح الباری ترقیم، محمد فؤاد عبدالباقی	رئاسۃ ادارات البحوث العلمیۃ والإفتاء والدعوۃ والإرشاد
۲۔ صحیح مسلم ترقیم ،	دارالفکر، بیروت
۳۔ جامع ترمذی تحقیق محمد عزت عبید الدعاس	مکتبہ دار الدعوۃ حمص
۴۔ سنن ابوداؤد تحقیق محمد محي الدين عبدالحميد	دارالفکر بیروت
۵۔ سنن نسائی بشرح السیوطي	مصطفیٰ آفندی محمد
۶۔ سنن ابن ماجہ تحقیق وترقیم محمد فواد عبدالباقی	عیسیٰ البابی الحلبی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷۔ مسند احمد بن حنبل	المکتب الإسلامی و دار صادر
۸۔ مشکاۃ المصابیح تحقیق شیخ ألبانی	المکتب الإسلامی
۹۔ الأدب المفرد	مشروع زاید لتحفیظ القرآن الکریم
۱۰۔ سنن دارمی	مطبعۃ الاعتدال دمشق
۱۱۔ شرح السنۃ للبغوی تحقیق و تخریج شعیب الأرناؤوط	المکتب الإسلامی
۱۲۔ مجمع الزوائد	دار الکتاب العربی۔ بیروت
۱۳۔ موارد الظمآن إلی زوائد ابن حبان	المطبعۃ السلفیہ قاہرہ
۱۴۔ مستدرک حاکم	دائرۃ المعارف حیدر آباد
۱۵۔ عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی تحقیق عبد القادر أحمد عطا	دار المعرفۃ بیروت

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۶۔ شرح معانی الآثار للطحاوی	مطبعۃ مصطفائی
۱۷۔ مصنف ابن ابی شیبہ	الدار السلفیۃ بمبئی
۱۸۔ الأذکار	دار احیاء التراث العربی
۱۹۔ الکلم الطیب من أذکار النبی (ص) تخریج عبد القادر الأرناؤوط	مکتبہ دار البیان دمشق
۲۰۔ النصیحۃ فی الأدعیۃ الصحیحۃ تخریج محمود الأرناؤوط	مؤسسۃ الرسالۃ
۲۱۔ حلیۃ الأولیاء لأبی نعیم الأصفہانی	مطبعۃ السعادۃ مصر
۲۲۔ بلوغ المرام لابن حجر تحقیق رضوان محمد رضوان	دار الکتاب العربی بیروت
۲۳۔ صفۃ صلاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم للألبانی (طبع یازدہم)	المکتب الإسلامی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۴۔ الوابل الصیب لابن القیم تحقیق اسماعیل بن محمد الانصاری	رئاسۃ ادارات البحوث العلمیۃ والافتاء والدعوۃ والارشاد
۲۵۔ جلاء الأفہام فی الصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر الأنام	دار الکتب العلمیۃ۔ بیروت
۲۶۔ الکلم الطیب تحقیق الألبانی (طبع چہارم)	المکتب الإسلامی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
ایک نظر	۱	وضو سے فارغ ہونے کے بعد کی دُعا	۱۱
پیش لفظ	۳		
سو کر اٹھنے کی دعا	۶	مسجد میں داخل ہونے اور باہر آنے کی دعا	۱۲
کوئی چیز پہننے کے وقت کی دُعا	۶		
نیا لباس پہننے کے وقت کی دُعا	۷	اذان کے بعد کی دعائیں	۱۳
گھر سے نکلنے کے وقت کی دُعا	۸	مغرب کی اذان کے بعد	۱۴
گھر میں داخل ہونے کے وقت کی دعا	۹	تکبیر تحریمہ کے بعد کی دعائیں	۱۵
		رکوع اور سجدے کی دعائیں	۱۷
پاخانہ میں داخل ہونے کی دعا	۱۰	رکوع سے اٹھنے کے بعد کی دعائیں	۱۹
پاخانہ سے نکلنے کی دعا	۱۰		

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دونوں سجدوں کے درمیان کی دعا	۲۰	دشمن سے خوف کے وقت	۴۱
تشہد	۲۱	دشمن کے مرنے پر کیا کہے	۴۲
تشہد کے بعد درود شریف	۲۲	جب کسی مسلم کے مرنے کی خبر ملے تو کیا کہے	۴۳
درود شریف کے بعد کی دعائیں	۲۳		
نماز کے بعد کی دعائیں	۲۵	نماز جنازہ میں میت کے لئے دعا	۴۴
دعائے قنوت	۲۹	میت کو قبر میں رکھنے کی دعا	۴۵
صبح و شام کی دعائیں	۳۱	زیارت قبر کے لئے قبرستان جائے تو کیا کہے۔	۴۶
سونے کے وقت کی دعائیں	۳۳		
نیند نہ آئے تو کیا پڑھے	۳۶	آندھی اور طوفان کے وقت کی دعا	۴۷
سونے میں ڈر جائے تو کیا پڑھے	۳۷		
قرض دور کرنے کی دعائیں	۳۸	بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک کے وقت کی دعا	۴۸
مشکل اور دشواری کے وقت	۳۹		
تکلیف کے وقت کیا پڑھے	۴۰	پہلی رات کا چاند دیکھے تو کیا پڑھے	۴۸

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

روزہ افطار کرنے کی دعائیں	۴۹
کسی دوسرے کے یہاں کچھ تناول کرے تو کیا کہے۔	۵۰
سفر پر جانے اور اس سے واپس آنے کی دعا	۵۱
رخصت کرنے والا کیا کہے	۵۳
سفر میں کسی جگہ اترنے کی دعا	۵۴
کسی بستی میں داخل ہونے کی دعا	۵۴
کھانا کھاتے وقت بسم اللہ پڑھنا	۵۶
کھانے سے فارغ ہونے کے بعد کی دعا	۵۶
کھانا کھلانے والے کے لئے دعا	۵۷
نیا میوہ و پھل دیکھنے کی دُعا	۵۷
چھینک آنے کے وقت کی دعا	۵۸
کافر کو چھینک آئے تو کیا کیا کہے۔	۵۹
خطبہ نکاح	۵۹
شادی کی مبارک باد	۶۲
بیوی کے پاس جائے تو کیا کہے۔	۶۲
جماع کے وقت کی دعا	۶۳
مجلس سے اٹھنے کی دعا	۶۴

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مجلس سے اٹھتے وقت اپنے اور اہل مجلس کے لئے دعا	۶۵	استخارہ کی دعا	۷۱
کسی مصیبت زدہ کو دیکھنے کی دعا	۶۷	دعائے حاجت	۷۳
بازار جانے کی دعا	۶۸	جامع دعائیں	۷۵
آئینہ دیکھنے کے وقت کی دعا	۶۹	قربانی کی دعا اور اس کا طریقہ	۷۹
سید الاستغفار	۷۰	عقیقہ کی دعا	۸۱
		مصادر	۸۲
		فہرست مضامین	۸۶

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

www.nadwalibrary.wordpress.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

مسنون دعائیں

یہ کتاب شب و روز میں پڑھی جانے والی مستند دُعاؤں پر مشتمل ہے۔ جن کا معمول میں لانا ہر مسلمان کے لئے باعثِ سعادت ہے۔

مُرتّب

حفظ الرحمٰن الاعظمی

فاضل مدینہ یونیورسٹی

یہ کتاب اللہ کے لئے وقف اور برائے تقسیم ہے
اس کا بیچنا جائز نہیں۔